
# آوارہ کتوں کو مارنا

**54٪** پاکستانی حکومت کی جانب سے آوارہ کتوں کو مارنے کے عمل کو قابلِ قبول سمجھتے ہیں، جبکہ 32٪ افراد اسے ظالمانہ یا ناجائز عمل قرار دیتے ہیں؛ اس عمل کی حمایت مرد حضرات 59 اور بڑی عمر کے افراد میں سب سے زیادہ **72%** پائی یا اس سے زائدتعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح نسبتاً کم **44٪** رہی ۔

لوگوں کو آوارہ کتوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے بعض لوگوں کے خیال ہے کہ حکومت کا بڑی تعداد میں کتوں کو ماردینے کاعمل جائز یا ٹھیک ہے، جبکہ بعض لوگوں کے مطابق یہ طریقہ کار بہت ظالمانہ ہے یاناجائزہے۔آپ کی اس عمل کے بارے میں کیا رائے ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

عوامی رائے

## آوارہ کتوں کو مارنا

**54% پاکستانی حکومت کی جانب سے آوارہ کتوں کو مارنے کے عمل کو قابلِ قبول سمجھتے ہیں، جبکہ 32% افراد اسے ظالمانہ یا ناجائز عمل قرار دیتے ہیں؛ اس عمل کی حمایت مرد حضرات (59%) اور بڑی عمر کے افراد میں سب سے زیادہ (72%) پائی گئی، جبکہ FA یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح نسبتاً کم (44%) رہی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 9 جون 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (54%) حکومت کی جانب سے لوگوں کے تحفظ کے لیے آوارہ کتوں کو بڑی تعداد میں مارنے کے عمل کو قابلِ قبول سمجھتی ہے، جبکہ 32% افراد اسے ظالمانہ یا ناجائز عمل قرار دیتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"لوگوں کو آوارہ کتوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے بعض لوگوں کے خیال ہے کہ حکومت کا بڑی تعداد میں کتوں کو مار دینے کا عمل جائز یا ٹھیک ہے، جبکہ بعض لوگوں کے مطابق یہ طریقہ کار بہت ظالمانہ ہے یا ناجائز ہے۔ آپ کی اس عمل کے بارے میں کیا رائے ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 54% جوابدہندگان کے مطابق، یہ عمل 'جائز یا ٹھیک' ہے، جبکہ 32% جوابدہندگان کے مطابق یہ 'بہت ظالمانہ یا ناجائز' عمل ہے۔ مزید 13% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں" ہے، جبکہ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر، سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ پاکستانیوں کی اکثریت حفاظتی وجوہات کی بنا پر حکومت کی جانب سے آوارہ کتوں کو مارنے کے عمل کو قابل قبول سمجھتی ہے، تاہم اس معاملے پر رائے میں مختلف پہلو پائے جاتے ہیں۔ بڑی عمر اور نسبتاً کم تعلیم یافتہ افراد اس عمل کی زیادہ حمایت کرتے نظر آتے ہیں، جبکہ زیادہ تعلیم یافتہ افراد اور نوجوانوں میں اخلاقی خدشات یا غیر یقینی کی صورتحال نسبتاً زیادہ پائی جاتی ہے، جو عوامی تحفظ، اخلاقیات اور سماجی نقطۂ نظر کے درمیان ایک پیچیدہ تعلق کو ظاہر کرتی ہے۔

**"لوگوں کو آوارہ کتوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے بعض لوگوں کے خیال ہے کہ حکومت کا بڑی تعداد میں کتوں کو مار دینے کا عمل جائز یا ٹھیک ہے، جبکہ بعض لوگوں کے مطابق یہ طریقہ کار بہت ظالمانہ ہے یا ناجائز ہے۔ آپ کی اس عمل کے بارے میں کیا رائے ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** خواتین (50%) کی نسبت مرد حضرات (59%) اس عمل کی تھوڑی زیادہ حمایت کرتے نظر آئے۔ دوسری جانب، خواتین میں اس عمل کو ظالمانہ/ناجائز سمجھنے (33%) یا اس حوالے سے کوئی واضح رائے نہ رکھنے کی شرح (17%) قدرے زیادہ پائی گئی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں اس عمل کو قابل قبول سمجھنے کی شرح نسبتاً کم (44%) رہی، جبکہ FA سے کم تعلیم یافتہ افراد میں اس عمل کی حمایت زیادہ (56%) پائی گئی۔ اس کے برعکس، زیادہ تعلیم یافتہ افراد کی نصف شرح (50%) اسے انتہائی ظالمانہ یا ناجائز عمل قرار دیتی ہے، جو اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ تعلیم اخلاقیات کے حوالے سے رائے پر اثر انداز ہوتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے ساتھ ساتھ اس عمل کی حمایت میں بھی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے 72% افراد اس عمل کو قابلِ قبول سمجھتے ہیں، جبکہ 30 سال سے کم عمر افراد میں یہ شرح 50% پائی گئی، جو بڑی عمر کے افراد میں اس عمل کی زیادہ حمایت کو ظاہر کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 09 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)